
# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**اسکولوں میں والدین سے رابطے کیلئے پیرنٹ ٹیچر میٹنگز سب سے عام ذریعہ ہے : 53% والدین کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران اسکول نے پی ٹی ایم کے ذریعے رابطہ کیا، جبکہ 48% نے فون کال اور 45% نے واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کے ذریعے رابطے کی اطلاع دی۔**

برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ اسکول کی درج ذیل سہولتوں کے حوالے سے کس حد تک مطمئن یا غیر مطمئن ہیں؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 13

"اسکول والدین سے کیسے رابطہ کرتے ہیں؟"

**اسکولوں میں والدین سے رابطے کیلئے پیرنٹ ٹیچر میٹنگز (Parents Teacher Meetings) سب سے عام ذریعہ ہے: 53% والدین کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران اسکول نے PTM کے ذریعے رابطہ کیا، جبکہ 48% نے فون کال اور 45% نے واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کے ذریعے رابطے کی اطلاع دی۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)

(اسلام آباد، 02 ستمبر 2026)


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، گزشتہ ایک ماہ کے دوران اسکولوں کی جانب سے والدین سے رابطے کا سب سے عام ذریعہ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ (PTM) رہا۔ 53% والدین نے بتایا کہ اُن کے بچے کے اسکول نے پیرنٹ ٹیچر میٹنگ کے ذریعے ان سے رابطہ کیا۔ اس کے بعد 48% والدین نے فون کال کے ذریعے رابطے کی اطلاع دی، جبکہ 45% کا کہنا تھا کہ اسکول نے اُن سے واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کے ذریعے رابطہ کیا۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا 13th حصہ ہے۔ اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "اسکول کی سہولیات کے حوالے سے والدین کا اطمینان" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے، اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" گزشتہ ایک ماہ کے دوران کیا آپ کے بچے کے اسکول کی جانب سے مندرجہ ذیل ذرائع سے کوئی رابطہ کیا گیا؟ - پیرنٹس ٹیچر میٹنگ (parent-teacher meeting) کے ذریعے، واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کے ذریعے، فون کال کے ذریعے "**۔ اس سوال کے جواب میں، 53% والدین کے مطابق گزشتہ ایک ماہ کے دوران اُن سے پیرنٹ ٹیچر میٹنگ (PTM) کے ذریعے رابطہ کیا گیا۔ اس کے بعد 48% والدین نے فون کال اور 45% والدین نے واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کے ذریعے رابطے کی اطلاع دی۔ نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکول والدین سے رابطے میں رہنے کے لیے براہِ راست ملاقات اور موبائل فون کے ذریعے رابطے، دونوں طریقے استعمال کر رہے ہیں۔

**" گزشتہ ایک ماہ کے دوران کیا آپ کے بچے کے اسکول کی جانب سے مندرجہ ذیل ذرائع سے کوئی رابطہ کیا گیا؟ - پیرنٹس ٹیچر میٹنگ (parent-teacher meeting) کے ذریعے، واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کے ذریعے، فون کال کے ذریعے۔ "**




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

مجموعی طور پر سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسکول والدین سے رابطے کے لیے مختلف ذرائع استعمال کر رہے ہیں۔ اِن میں پیرنٹ ٹیچر میٹنگز (Parent Teacher Meetings) کا استعمال فون کالز اور واٹس ایپ/ایس ایم ایس کے مقابلے میں قدرے زیادہ ہے۔ تینوں ذرائع کے استعمال کی شرح ایک دوسرے کے قریب ہونے سے ظاہر ہوتا ہے کہ والدین اور اسکول کے درمیان رابطہ قائم رکھنے میں براہِ راست ملاقات اور ڈیجیٹل ذرائع، دونوں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 02 September 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)